# کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ (اشتہار نیلامی ٹھیکہ جات)

کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات کی نیلامی مورخہ 20.08.2026 بوقت دن 11:00 بجے بمطابق ذیل شیڈول منعقد کروا رہا ہے۔ تمام خواہشمند حضرات مقررہ وقت اور تاریخ تک زرِ بیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ بمعہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کاپی دفتر ہذا میں جمع کرا کر شیڈول کے مطابق بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر بولی کسی وجہ سے نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی 21.08.2026 بوقت 11:00 بجے دن کو ہوگی۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ جات | وصولیاتی ریٹ | مقررہ قیمت | زرِ بیعانہ | میعاد ٹھیکہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | حقوق وصولی جنرل بس سٹینڈ فیس شیر شاہ / کیولری روڈ بشمول حقوق وصولی ریڑھی بازار متصل جنرل بس اسٹینڈ | 400 روپے فی بس فی دن<br>150 روپے فی رکشہ فی دن<br>180 روپے فورڈ ویگن فی دن<br>180 روپے کیری وین فی دن<br>550 روپے فی ریڑھی فی دن | 4,40,00,000/- روپے | 22,00,000/- روپے | 01-09-2026 تا 30-06-2027 |
| 02 | حقوق وصولی انٹری فیس باغ جناح | 40 روپے فی نفر | 70,00,000/- روپے | 3,50,000/- روپے | 01-09-2026 تا 30-06-2027 |
| 03 | جناح باغ کیفے ٹیریا | حقوق کرایہ داری<br>(برائے 05 سال) | 34,00,000/- روپے | 1,70,000/- روپے | 01-09-2026 تا 31-08-2031 |
| 04 | حقوق وصولی سلاٹر ہاؤس | گائے، بھینس اور اونٹ 750 روپے<br>بکرا / دنبہ 400 روپے | 22,00,000/- روپے | 1,10,000/- روپے | 01-09-2026 تا 30-06-2027 |

**شرائط:-**

1- نیلامی مقررہ وقت کے مطابق شروع کی جائیگی صرف وہ شخص جس نے نیلامی سے قبل زرِ بیعانہ کال ڈیپازٹ اور قومی شناختی کارڈ، بمع (Income Tax Filer Certificate/FBR) ریونیو برانچ میں جمع کروائے گا وہی بولی میں حصہ لے سکے گا۔

2- کسی بھی بولی دہندہ کے جانب سے بوگس کال ڈیپازٹ جمع کرنے کی صورت میں کینٹ بورڈ انتظامیہ متعلقہ بولی دہندہ کے خلاف تادیبی کاروائی کرے گی اور متعلقہ قوانین / فوجداری دفعات کے تحت دعویٰ جات دائر کئے جائیں گے۔

3- اول اور دوئم بولی دہندگان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔ کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ دوئم بولی دہندہ کو اس کا کال ڈیپازٹ بورڈ کی منظوری کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ کا کال ڈیپازٹ بطور سیکورٹی دفتر ہذا کے ساتھ رہے گا۔ جو کہ ٹھیکہ کے اختتام پر واپس دیا جائے گا۔

4- کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر بولی کی رقم کا ایک چوتھائی حصہ موقع پر جمع کروانا ہوگا مزید براں ٹھیکہ کی بقایا رقم یکمشت بشکل نقد یا مساوی ماہانہ اقساط کے پوسٹ dated چیک بمع انکم ٹیکس ایڈوانس میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ جبکہ 1/4th جمع شدہ رقم ٹھیکہ کے آخری 3 ماہ میں مجرا کیا جائے گا بشرطیکہ کہ ٹھیکہ دار کے ذمہ کینٹ بورڈ کے کسی قسم کے بقایا جات واجب الادا نہ ہو اور یہ شرائط مکمل کئے بغیر کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور (1/4th) رقم کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرِ ضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔

5- کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ پالیسی کے مروجہ قوانین کے تحت بولی کی رقم کا انکم ٹیکس یکمشت ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

6- کامیاب بولی دہندہ کو بولی منظور ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر کنٹونمنٹ بورڈ سے تحریری معاہدہ کرنا ہوگا۔ جس کے بغیر ٹھیکہ حوالہ نہیں کیا جائے گا۔

7- قسط ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ کینٹ بورڈ انتظامیہ ماہانہ قسط کی عدم ادائیگی کی صورت میں ٹھیکہ کا چارج لے سکتا ہے اور ٹھیکہ کینسل کر کے دوبارہ نیلام کر سکتا ہے۔

8- کامیاب بولی دہندہ سیکورٹی چیکنگ کا خود ذمہ دار ہوگا اور قانونی دائرے میں رہ کر ٹھیکہ چلانے کا پابند ہوگا۔ اور صفائی، ستھرائی کا بھی ذمہ دار ہوگا۔ اوور چارجنگ کی صورت میں ٹھیکہ دار کو جرمانہ کیا جائے گا۔ اور مسلسل خلاف ورزی پر ٹھیکہ دار / کامیاب بولی دہندہ کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

9- گھروں اور ناغے کے دنوں میں جانوروں کو ذبح کرنے پر پابندی ہوگی۔ ٹھیکہ دار کینٹ بورڈ کے پبلک ہیلتھ آفیسر سے جانوروں کا معائنہ اور گوشت پر سٹمپ لگانے کا پابند ہوگا (برائے سلاٹر ہاؤس)

10- کامیاب بولی دہندہ جناح باغ کیفے ٹیریا میں مارکیٹ ریٹ کے مطابق ریٹ لسٹ واضح جگہ پر چسپاں کرنے کا پابند ہوگا اور صفائی، ستھرائی کا بھی ذمہ دار ہوگا۔ اوور چارجنگ کی صورت میں ٹھیکہ دار کو جرمانہ کیا جائے گا اور مسلسل خلاف ورزی پر ٹھیکہ دار / کامیاب بولی دہندہ کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

11- کیفے ٹیریا میں تمباکو نوشی کے خرید و فروخت پر پابندی ہوگی۔

12 نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی اور ماہانہ کرایہ میں 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 05 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ (برائے جناح باغ کیفے ٹیریا)

13- جناح باغ میں سکول و کالج کے ٹائم پر طالب علموں کی داخلہ پر پابندی ہوگی تاہم سکول ٹوور بمع اساتذہ کرام کو داخلے کی اجازت ہوگی۔

14- کسی بھی ہنگامی یا سیکورٹی وجوہات پر جناح باغ کو عوام کیلئے بند کیا جا سکتا ہے جس پر ٹھیکہ دار کو ریلیف دینے کا حق بورڈ کے پاس ہوگا۔

15- بولی دہندہ جس کے ذمہ کینٹ بورڈ کے کسی قسم کے بقایا جات / واجبات ہونگے یا کسی بھی کنٹونمنٹ بورڈ نے اُسے بلیک لسٹ کیا ہو بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

16- کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کسی دوسری پارٹی یا فرد کو منتقل (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

17- کامیاب بولی دہندہ کینٹ بورڈ کی طرف سے منظور شدہ ریٹس کے مطابق ٹکٹ بک پرنٹ کرنے کا پابند ہوگا جس پر شیڈول کے مطابق ریٹ واضح درج ہوں گے۔ ٹھیکہ دار اس کے مطابق چارج کرنے کا پابند ہوگا اوور چارجنگ (Over Charging) کی صورت میں ٹھیکیدار کو جرمانہ کیا جائے گا۔

18- کامیاب بولی دہندہ اپنے ٹھیکہ کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہوگا اور ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ادارے سے NOC لے کر کینٹ بورڈ نوشہرہ میں جمع کرائیگا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں ٹھیکدار قانونی طور پر خود ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔

19- نیلامی PPRA رولز 2004 کے مطابق ہوگی۔

20- کینٹ بورڈ کسی بھی وجہ کی بنیاد پر بولی مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔ حتمی منظوری تابع کنٹونمنٹ بورڈ ہوگی۔

21- کامیاب بولی دہندگان کو متعلقہ ٹھیکہ کے علاوہ کسی اور کاروباری سرگرمی کی اجازت نہ ہوگی۔

22- ٹھیکہ دار کو ہڑتال، Covid یا دیگر قدرتی آفات کی صورت میں نقصان ہوتا ہے تو کینٹ بورڈ سے رعایت کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی دفتر ہذا کسی قسم کے نقصان و تاوان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

23- دیگر شرائط و ضوابط یا معلومات کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ کی ویب سائٹ http://nowshera.cantonment.gov.pk اور PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

24- نیلامی سے متعلق مزید معلومات اور شرائط دفتری اوقات کار کے دوران کینٹ بورڈ نوشہرہ (ریونیو برانچ) سے حاصل کی جا سکتی ہیں اور نیلامی شروع کرنے سے پہلے ٹھیکہ کی جگہ، تمام شرائط ٹھیکہ اور طریقہ کار نیلامی، وغیرہ واضح کیا جائیگا تاکہ بعد میں کوئی عذر نہ ہو۔

المشتہر:-

کینٹ ایگزیکٹو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0923-9220087